ایم آر ایس اے معائنہ

مریضوں کے لئے معلومات

سکاٹ لینڈ میں جو ہسپتال ایمرجنسی مریضوں کا علاج کرتے ہیں اور آپریشن کرتے ہیں ان میں ایم آر ایس اے (میٹا سیلین ری۔زسٹینس سٹیپیولوکوسز آروس) کے معائنے کو متعارف کرایا جارہا ہے۔ معائنہ ان طریقوں میں سے ایک ہے جو ہم ہسپتالوں میں متعدی بیماریوں جیسے کہ ایم آر ایس اے (MRSA) کا مقابلہ کرنے کے لئے استعمال کر رہے ہیں۔ یہ کتابچہ آپ کو ایم آر ایس اے کے معائنے پر کچھ مزید معلومات مہیا کرے گا اور آپ کے لئے اس کا کیا مطلب ہے۔ آپ کا ہسپتال آپ کو ایم آر ایس اے کے بارے میں مزید معلومات بھی مہیا کر سکتا ہے۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو براہ مہربانی اپنے ڈاکٹر یا نرس سے پوچھیں۔

سوال۔ ایم آر ایس اے کیا ہے؟

ایم آر ایس اے ایک بہت ہی عام جراثیم ہے جو میٹا سیلین ری۔زسٹینس سٹیپیولوکوسز آروس کہلاتا ہے۔ سٹیپیولوکوسز آروس ایک عام قسم کا جراثیم ہے جو آپ کی جلد پر رہ سکتا ہے اور کسی نقصان کی وجہ نہیں بنتا، لیکن اکثر اوقات کئی قسم کی عام متعدی (ایک دوسرے سے لگ جانے والی) بیماریوں کی وجہ بنتا ہے۔ عام طور پر سٹیپیولوکوسز آروس کے آپ کے ناک یا آپ کی جلد پر ہونے سے آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا، کیونکہ یہ جراثیم صحت مند افراد کے لئے عموماً خطرے کا باعث نہیں ہوتا۔ جو لوگ اس جراثیم سے متاثر ہوتے ہیں ان کو احساس تک نہیں ہوتا، اور ان میں سے اکثر کو کوئی علامات بھی نہیں ہونگی۔ ایم آر ایس اے سٹیپیولوکوسز آروس کی ایک ایسی قسم ہے جس کا علاج میٹا سیلین (ایک قسم کی جراثیم کش دوائی) سے نہیں کیا جا سکتا، البتہ ہم ایم آر ایس اے کا علاج کر سکتے ہیں۔ یہ اندازہ لگایا گیا ہے کہ ہسپتال میں داخل ہونے والے تمام مریضوں میں سے تقریباً 5 فی صد پہلے ہی ایم آر ایس اے کے جراثیم میں مبتلا ہوتے ہیں جو ان کے ناک یا جلد پر ہوتا ہے، حتیٰ کہ وہ بالکل صحت یاب محسوس کرتے ہونگے۔

سوال۔ ایم آر ایس اے کیسے پھیلتا ہے؟

ایم آر ایس اے زیادہ تر ایک فرد سے دوسرے فرد کو ہاتھ کے رابطے کے ذریعے پھیلتا ہے۔ اس لئے اپنے ہاتھوں کو دھونا اور الکوحل ملی ہاتھوں کی جیل استعمال کرنا بہت اہم ہے۔ ہاتھوں کی اچھی صفائی ایم آر ایس اے کے پھیلاؤ کو روکنے کے طریقوں میں سے ایک بہت اہم اور موثر ہے۔

معائنہ کیا ہے اور یہ کیوں کیا جاتا ہے؟

ایم آر ایس اے کے معائنے میں مریضوں کا معائنہ کرنا شامل ہے جو اس ہسپتال میں داخل ہوتے ہیں تا کہ ہم ان مریضوں کی شناخت کر سکیں جو پہلے ہی اس جراثیم سے متاثر ہیں۔ ایم آر ایس اے کے جراثیم کا ان افراد میں ایک متعدی مرض کی وجہ بننے کا امکان زیادہ ہے جو کہ بیمار ہیں، اس لئے یہ بہت اہم ہے کہ ہسپتال میں ان افراد کی شناخت کی جائے جن کے جسم پر ایم آر ایس اے موجود ہے اس سے پہلے کہ یہ ان کو نقصان پہنچائے اور دوسروں میں منتقل ہو۔ اگر ہم ان مریضوں کی شناخت کر سکیں جن کے جسم پر ایم آر ایس اے موجود ہے جب وہ ہسپتال میں آتے ہیں تو ہم یقینی بنا سکتے ہیں کہ وہ بہتر اور زیادہ مناسب دیکھ بھال حاصل کریں۔

سوال۔ کس کا معائنہ کیا جائے گا؟

اگر آپ ہسپتال میں رات کو قیام کرتے ہیں اور آپ کی شناخت متاثر ہونے والے فرد کے طور پر کی گئی ہے تو ہم آپ کا ایم آر ایس اے کے لئے معائنہ کریں گے۔

آپ میرا نمونہ کیسے لیں گے؟

ہسپتال کے عملے کا ایک رکن ایک صواب (ایک روئی کے ٹکڑے کو استعمال کرتے ہوئے) کے ذریعے آپ کے ناک اور سیون (آپ کے مقعد اور اعضائے تناسل کا درمیانی حصہ) سے ایک نمونہ لے گا۔ یہ عموماً تکلیف دہ نہیں ہوتا اور معمولی سی بے آرامی ہوتی ہے۔ ہم یہ نمونے لینے کے دوران آپ کی پرائیویسی اور عظمت کا احترام کریں گے۔

سوال۔اگر میرے نمونے میں ایم آر ایس اے پایا جاتا ہے تو کیا ہوگا؟

ہم ایم آر ایس اے کا علاج کریں گے۔علاج ہمیشہ ہر ایک کے لئے مناسب نہیں ہے۔آپ کا ڈاکٹر آپ کے لئے موزوں ترین دیکھ بھال پر بات چیت کرے گا۔اگر آپ اپنے علاج کے کسی حصے کے بارے میں پریشان ہیں تو اپنے ڈاکٹر یا نرس سے بات کریں۔اگر آپکو ایم آر ایس اے ہے تو ہم عموماً آپ کی دیکھ بھال دوسرے مریضوں سے الگ کریں گے۔

سوال۔میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟

اگر معائنے کے بارے میں آپ کے کوئی اور سوال ہے، تو براہ مہربانی عملے کے ایک رکن سے پوچھیں۔ایم آر ایس کے کے بارے میں مزید عام معلومات کے لئے www.hps.scot.nhs.uk ملاحظہ فرمائیں۔

یہ کتابچہ دوسری زبانوں کے ساتھ ساتھ بڑے حروف، ابھرے حروف (صرف انگلش) اور آڈیو ٹیپ پر بھی دستیاب ہے۔اس کتابچے کا آسانی سے پڑھا جانے والا ترجمہ بھی دستیاب ہے۔کسی دوسری زبان یا شکل میں اس کتابچے کی ایک کاپی حاصل کرنے کے لئے، براہ مہربانی ہمارے کمونی کیشنز آفیسر سے مندرجہ ذیل پتے پر رابطہ کریں:

3rd Floor , Meridian Court,
5 Cadogan Street,
Glasgow, G2 6QE
0141 300 1100

دوسری زبانوں کا انتخاب اور آسانی سے پڑھا جانے والا ترجمہ ایچ پی ایس کی ویب سائٹ سے دستیاب ہے:

http://www.hps.scot.nhs.uk/haiic/sshaip/mrsascreeningpathfinderp ublic.aspx